## ایم کیوایم کے قائد الطاف حسین نے صدر آصف زرداری، وزیراعظم یوسف رضا گیلانی، وفاقی مشیر داخلہ رحمٰن ملک، وزیراعلیٰ سندھ سید قائم علی شاہ، سینئر صوبائی وزیر پیر مظہر الحق اور صوبائی وزیر داخلہ ڈاکٹر ذوالفقار مرزا کو فون کرکے نئے سال کی مبارکباد پیش کی

لندن۔۔۔یکم جنوری 2009ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے آج صدر مملکت آصف علی زرداری، وزیراعظم یوسف رضا گیلانی، وفاقی مشیر داخلہ رحمٰن ملک، وزیراعلیٰ سندھ سید قائم علی شاہ، سینئر صوبائی وزیر پیر مظہر الحق اور صوبائی وزیر داخلہ ڈاکٹر ذوالفقار مرزا کو فون کرکے انہیں نئے سال کی مبارکباد پیش کی۔وزیراعظم یوسف رضا گیلانی اور مشیر داخلہ رحمٰن ملک سے گفتگو کرتے ہوئے جناب الطاف حسین نے انہیں نئے سال کی مبارکباد پیش کی اور دعا کی کہ یہ سال ملک کیلئے مبارک ثابت ہو، ملک کو درپیش مشکلات کا خاتمہ ہو، ملک میں استحکام آئے اور ملک ترقی وخوشحالی کی راہ پر گامزن ہو۔وزیراعظم سید یوسف رضا گیلانی اور وفاقی مشیر داخلہ رحمٰن ملک نے بھی جناب الطاف حسین کو نئے سال کی مبارکباد پیش کی اور ان کیلئے نیک خیالات کا اظہار کیا۔جناب الطاف حسین نے وزیراعلیٰ سندھ سید قائم علی شاہ سے گفتگو کرتے ہوئے انہیں، سندھ کابینہ کے تمام ارکان، پیپلزپارٹی کے تمام ارکان اسمبلی اور رہنماؤں کو بھی نئے سال کی مبارکباد پیش کی اور دعا کی کہ نیا سال ملک خصوصاً صوبہ سندھ میں امن و بھائی چارے، استحکام اور ترقی وخوشحالی کی نوید لیکر آئے۔وزیراعلیٰ سندھ سید قائم علی شاہ نے بھی جناب الطاف حسین اور ایم کیوایم کے تمام رہنماؤں کو سالِ نو کی مبارکباد پیش کی۔

## گوہاٹی میں بم دھماکوں کے واقعات کھلی بربریت اور دہشت گردی ہے، الطاف حسین

لندن۔۔۔یکم، جنوری 2009ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے بھارت کی ریاست آسام کے شہر گوہاٹی میں بم دھماکوں کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اور بم دھماکوں میں متعدد افراد کے زخمی ہونے پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ جمعرات کے روز گوہاٹی میں بم دھماکوں کے واقعات کھلی بربریت اور دہشت گردی ہے اور جو عناصر اپنے گھناؤنے عزائم کی تکمیل کیلئے بے گناہ شہریوں کو خاک وخون میں نہلا رہے ہیں وہ نہ صرف ساؤتھ ایشیا ریجن میں امن وامان کے مخالف ہیں بلکہ انسانیت کے بھی کھلے دشمن ہیں۔جناب الطاف حسین نے بھارت کی حکومت، عوام اور بم دھماکوں سے متاثر ہونے والے افراد سے دلی ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے زخمیوں کی جلد ومکمل صحت یابی کیلئے دعا بھی کی۔

## فرقہ وارانہ فسادات کے خاتمہ کیلئے الطاف حسین کی جدوجہد قابل تعریف ہے، علمائے کرام

### فرقہ وارانہ ہم آہنگی کے فروغ کیلئے صوبائی وزیر اوقاف عبدالحسیب کی علامہ فرقان حیدر اور مولانا محمد اشرف گورمانی سے ملاقات

کراچی۔۔۔یکم رجنوری 2009ء۔۔۔محرم الحرام کے موقع پر قیام امن، فرقہ وارانہ ہم آہنگی اور مذہبی رواداری کے فروغ کیلئے ہر سال کی طرح امسال بھی متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کی ہدایت پر ایم کیوایم کی جانب سے مختلف مکاتب فکر کے علمائے کرام سے ملاقاتوں کا سلسلہ جاری ہے۔اس سلسلے میں حق پرست صوبائی وزیر اوقاف عبدالحسیب نے گزشتہ روز معروف شیعہ عالم دین علامہ فرقان حیدر عابدی اور تحریک عوام اہلسنت پاکستان کے صدر و سنی علماء کونسل کے صدر مولانا محمد اشرف گورمانی سے علیحدہ علیحدہ ملاقاتیں کیں۔اس موقع پر مولانا محمد ایاز قادری، گلبرگ ٹاؤن کے حق پرست ناظم محمد کمال ملک، نائب ناظم سعید اور ایم کیوایم کی علماء کمیٹی کے ارکان کے علاوہ ایم کیوایم کے مقامی ذمہ داران بھی موجود تھے۔علامہ فرقان حیدر عابدی اور محمد اشرف گورمانی نے سندھ میں قیام امن کیلئے متحدہ قومی موومنٹ کی کوششوں کا برملا اعتراف کرتے ہوئے کہا کہ سندھ سے فرقہ وارانہ فسادات کے خاتمہ اور بھائی چارے کے فروغ کیلئے قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جدوجہد قابل تعریف ہیں۔انہوں نے کہا کہ جناب الطاف حسین نے مختلف مکاتب فکر کے علماء اور عوام کو ایم کیوایم کے پرچم تلے جمع کرکے بہت بڑا کام کیا ہے۔انہوں نے کہا کہ الطاف بھائی کی سیاسی حکمت عملی کی وجہ سے آج محرم الحرام اور بارہ ربیع الاول کے ماہِ مبارک میں مجالس وسیرت النبیؐ کے جلسے امن وامان سے ہورہے ہیں جس کا تمام سہرا قائد تحریک الطاف حسین بھائی کے سر ہے۔انہوں نے کہا کہ تمام مکاتب فکر کے علمائے کرام سندھ میں قیام امن کیلئے ایم کیوایم کی جدوجہد کو قدر کی نگاہ سے دیکھتے ہیں اور ایم کیوایم کے ساتھ ہیں۔انہوں نے عوام سے اپیل کی وہ محرم الحرم کے دوران اشتعال انگیزی پھیلانے والوں پر کڑی نظر رکھیں اور فرقہ وارانہ ہم آہنگی کے فروغ اور قیام امن کیلئے اپنا بھرپور کردار ادا کریں۔اس موقع پر صوبائی وزیر عبدالحسیب نے علمائے کرام کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ ایم کیوایم مذہب اور مسالک سے بالاتر ہوکر انسانیت کی عملی خدمت کررہی ہے۔اس موقع پر علمائے کرام نے شہر میں قیام امن، فرقہ وارانہ ہم آہنگی کے فروغ اور مذہبی رواداری کے قیام کے علاوہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کی درازی عمر اور صحت وتندرستی کیلئے دعائیں کیں۔

## پاکستان اسٹیل کی کارکردگی بہتر بنانے کیلئے اقدامات کیے جائیں، حق پرست ارکان سندھ اسمبلی

کراچی ۔۔۔ یکم رجنوری 2009ء ۔۔۔ متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست ارکان سندھ اسمبلی خالد افتخار، معین عامر پیرزادہ اور وسیم احمد نے مطالبہ کیا ہے کہ پاکستان اسٹیل ملز اہم قومی اثاثہ ہے اور اس ادارے کی بقاء و پیداواری کارکردگی بہتر بنانے کیلئے ہنگامی اقدامات کئے جائیں۔ اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ اسٹیل ملز کی مایوس کن سیلز اور مالی وانتظامی بحران کے خاتمے کیلئے فوری طور پر مثبت اور عملی اقدامات ناگزیر ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان اسٹیل کی ٹیکنیکل اور پروفیشنل ضروریات کے مطابق آپریشنل سرگرمیاں اسی وقت بحال رکھی جاسکتی ہیں جب تربیت یافتہ ہنرمند اور تجربہ کار تیکنیکی فورس مقررہ تعداد میں دستیاب ہو جبکہ موجودہ پیداواری بحران کا ایک بڑا سبب افرادی قوت کی شدید کمی ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس ادارے کی پیداواری صلاحیت بہتر بنانے کیلئے لازم ہے کہ یہاں تربیت یافتہ، ہنرمند اور تجربہ کار ملازمین جنہیں VRF کے تحت جبری ریٹائرڈ کیا گیا انہیں ادارے میں واپس لایا جائے جسکی ابتداء وفاقی وزارت پیداوار کے ایک حکم نامہ نمبر PR-1/2007(122)5 مورخہ 22 دسمبر 08ء سے کی جاچکی ہے۔ حق پرست ارکان سندھ اسمبلی نے صدر آصف علی زرداری، وزیراعظم سید یوسف رضا گیلانی اور وفاقی وزیر پیداوار سے مطالبہ کیا کہ پاکستان اسٹیل میں VRF اسکیم کے تحت جبری ریٹائرڈ کی جانیوالی ٹیکنیکی فورس واپس لائی جائے، ادارے کے مفاد کے برخلاف ناقص سیلز مارکیٹنگ پالیسی کا فوری نوٹس لیتے ہوئے ذمہ دار افسران کے خلاف انکوائری کرائی جائے اور ادارے کی بہتری کیلئے مثبت اقدامات کئے جائیں۔

## صدر ٹاؤن کے ناظم محمد دلاور کے والد فیروزالدین کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن ۔۔۔ یکم رجنوری 2009ء ۔۔۔ متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے صدر ٹاؤن حق پرست ٹاؤن ناظم محمد دلاور کے والد فیروزالدین کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے محمد دلاور سمیت مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔ جناب الطاف حسین نے سوگوار لواحقین سے کہا کہ دکھ کی اس گھڑی میں مجھ سمیت ایم کیوایم تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو اپنی جوار رحمت میں جگہ دے اور سوگواران صبر جمیل عطا فرمائے۔ (آمین)

## محمد دلاور کے والد فیروزالدین کے انتقال پر رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی ۔۔۔ یکم رجنوری 2009ء ۔۔۔ متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے صدر ٹاؤن کے حق پرست ٹاؤن ناظم محمد دلاور کے والد فیروزالدین کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحوم کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگوار لواحقین کو صبر جمیل عطا کرے۔ (آمین)

## صدر ٹاؤن کے حق پرست ناظم محمد دلاور کے والد انتقال کر گئے

## نماز جنازہ اور تدفین میں رابطہ کمیٹی، صوبائی وزراء، ایم کیوایم کے کارکنان اور دیگر کی شرکت

کراچی ۔۔۔ یکم رجنوری 2009ء ۔۔۔ صدر ٹاؤن کے حق پرست ٹاؤن ناظم محمد دلاور کے والد فیروزالدین جمعرات کے روز انتقال کر گئے (انا اللہ وانا الیہ راجعون)۔ مرحوم کی عمر 60 تھی اور انکے پسماندگان میں بیوہ، 6 بیٹے اور ایک بیٹی شامل ہیں۔ دریں اثناء فیروزالدین مرحوم کو آج سینکڑوں سوگواران کی آہوں اور سسکیوں کے درمیان سخی حسن کے قبرستان میں سپرد خاک کر دیا گیا۔ مرحوم کی نماز جنازہ جامعہ مسجد طیبہ نارتھ ناظم آباد میں ادا کی گئی۔ نماز جنازہ اور تدفین میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن

ڈاکٹر نصرت، حق پرست صوبائی وزراء، مشیران، اراکین اسمبلی، ٹاؤن ناظمین، نائب ٹاؤن ناظمین، سٹی گورنمنٹ کے افسران واہلکاروں، ٹاؤن کمیٹیوں کے ارکان، کراچی تنظیمی کمیٹی کے ارکان، ایم کیوایم کے ذمہ داران، ہمدردوں اور مرحوم کے عزیز واقارب نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔

## لیگل ایڈ کمیٹی کے رکن طارق برنی ایڈووکیٹ کے والد کے انتقال پر رابطہ کمیٹی کا اظہار افسوس

کراچی ۔۔۔ یکم رجنوری 2009ء ۔۔۔ متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم لیگل ایڈ کمیٹی کے رکن طارق برنی ایڈووکیٹ کے والد حنیف الرحمٰن کے انتقال پر گہرے دکھ

اور افسوس کا ظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان رابطہ کمیٹی نے مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں جگہ عطا فرمائے اور سوگواران صبر جمیل دے۔(آمین) دریں اثناء ایم کیو ایم لیگل ایڈ کمیٹی کے ذمہ داران بھی طارق برنی کے والد کے انتقال پر گہرے رنج و غم کا اظہار کرتے ہوئے مرحوم کی مغفرت اور ان کے بلند درجات کیلئے دعا کی۔

☆☆☆☆☆